Darul Iftaa
Madrasah Ariful Uloom
ST-11,Metrovil-3,Block"1" Scheme "33"Gulzar-e-Hijri Karachi
www.arifululoom.com arifululoom1990@gmail.com
www.facebook.com/madarsarifuloom 0322-6444659
Contact No 0333-6444659

MADARSA ARIF UL ULOOM

دار الافتاء
مدرسہ عارف العلوم رجسٹرڈ کراتشی پاکستان
ایس ٹی۔۱۱ میٹروول ۳ اسکیم ۳۳ گلزار ہجری کراچی
0322-6444659
رابطہ نمبر 0333-6444659

سؤال: چوراہوں میں پرندوں کو دانہ پانی ڈالنا کیسا ہے؟ اس پر ثواب ملتا ہے یا نہیں؟ نیز کوا، بلی، کتے کو پھیپڑے وغیرہ ڈالنا کیسا ہے؟

الجواب حامداو مصلیاو مسلما

چوراہوں پر پرندوں کو دانہ پانی ڈالنا ، یا کوا، بلی، کتے وغیرہ کو گوشت اور پھیپڑے ڈالنا جائز ہے اور کار ثواب ہے لیکن قرآن وحدیث صدقہ وخیرات اور اس کے اجر وثواب کو جو ذکر ہے وہ انسانوں کے لئے ہے۔ نیز واجبی صدقات مثلاز کوۃ، کفارہ ، صدقہ فطر وغیرہ کی رقم پرندوں اور جانوروں پر خرچ کرنا جائز نہیں ہے بلکہ مستحق مسلمان شخص کو دینا ضروری ہے۔

فتاوی محمودیہ میں ہے:

چڑیوں کو ڈانہ ڈالنا اور نیت کرنا کہ اللہ تعالیٰ میری مشکلات دور فرمائے، گناہ نہیں، مگر ضرورت مند انسان صدقہ کے زیادہ مستحق ہیں، ایک پیاسے کتے کو کسی نے پانی پلادیا تھا تو اس کی بخشش ہو گئی تھی۔

(کتاب العقائد، باب البدعات 3/301 ط فاروقیہ)

دارالافتاء جامعۃ العلوم الاسلامیۃ جامعہ بنوری ٹاؤن کی ویب سائٹ میں ہے:

نفلی صدقہ کا گوشت چھیچھڑا وغیرہ پرندوں (چیل، کوا وغیرہ) کو کھلانا جائز ہے اور اس پر ثواب بھی ملے گا، البتہ صدقاتِ واجبہ (زکاۃ، صدقہ فطر اور کفارات وغیرہ) کا گوشت مستحق انسان کو ہی کھلانا لازمی ہے، صدقاتِ واجبہ کا گوشت وغیرہ کسی بھی جانور یا پرندے کو کھلانا جائز نہیں ہے۔

فتوی نمبر: 144012201155۔ دارالافتاء: جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن

واللہ سبحانہ وتعالیٰ اعلم بالصواب

دارالافتاء مدرسہ عارف العلوم کراچی

20 نومبر 2019ء/22ربیع الاول 1441ھ

فتویٰ نمبر:2

دار الافتاء
مدرسہ عارف العلوم (ٹرسٹ)
ایس ٹی ۱۱، میٹروول ۳، اسکیم ۳۳
گلشنِ اقبال، کراچی